الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Name | : | **Muhammad Zahid** | Serial No | : | **17557** |
| Address | : | **Karachi, Pakistan** | Date | : | **11/3/2012** |
| Subject | : | **HARAM-HALAL** | Contact No: | | |
| Writer | : | شفیق اللہ | Email | : | |

MODE: **Regular**

Asalamu-Aliakum Janab !
mey ney nadani mey bohat sey logo ka haq khaya hey ...mey chori karta tha maa baap sey bhi chori karta tha...Ab walid saab ka intiqal hogaya hey ab mey Alhamdollillah Kisi ka haq nhi marta meney jin jin logo ka haq khaya hey us ki tadaad mujhe maloom nhi Aur walid saab to dunya mey nhi...meney suna hey k shaheed ney bhi kisi ka haq khaya ho to us ka hisaab dega....meney ab toba karli hey to meney jin jin ka haq khaya hey wo maaf hoage ga ?

السلام علیکم جناب !

میں نے نادانی میں بہت سے لوگوں کا حق کھایا ہے۔ میں چوری کرتا تھا ماں باپ سے بھی چوری کرتا تھا۔ اب والد صاحب کا انتقال ہوگیا ہے۔ اب میں الحمد للہ کسی کا حق نہیں مارتا میں نے جن لوگوں کا حق کھایا ہے انکی تعداد مجھے معلوم نہیں ہے۔ اور والد صاحب دنیا میں نہیں۔ میں نے سنا ہے کہ شہید نے بھی کسی حق کھایا ہو تو اسکا حساب دیگا۔ میں نے اب توبہ کرلی ہے تو میں نے جن جن کا حق کھایا ہے وہ معاف ہوجائیگا ؟

## الجواب حامداً ومصلیاً

سائل نے جن جن لوگوں کے مالی حقوق غصب کئے ہیں، ان تمام کے حقوق کا پورا حساب کر کے ان کو واپس کرنا یا ان سے معاف کرانا لازم ہے، تاکہ مؤاخذہ اخروی سے سبکدوشی ہو سکے، تاہم اگر اہل حقوق کا علم نہ ہو یا وہ کہیں چلے گئے ہوں جس کی وجہ سے ان تک پہنچنا ممکن نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ ان سے لی ہوئی رقم کے بقدر ان کی طرف سے صدقہ کردے تو ان شاء اللہ مؤاخذہ اخروی سے سبکدوشی ہو سکتی ہے۔

فی الدر: (ویجب رد عین المغصوب) مالم یتغیر تغیراً

فاحشاً مجتبیٰ (فی مکان غصبہ) لتفاوت القیم باختلاف الاماکن اھ (۱۸۲/۶)۔ واللہ اعلم

شفیق اللہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ
۱۸/۸/۱۴۳۵ھ
17557
۱۴۳۵/۸/۲۳

الجواب صحیح
بندہ نادر جان غفر اللہ لہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۰/۸/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۰ شعبان ۱۴۳۵ھ

22/6/014